ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(669)

مورخہ 16.12.2023

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ 02 روز کی مختلف کارروائیوں میں 09 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل۔ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ اوچشریف پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان سجاد اور منیر حسین کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 55 لیٹر شراب برآمد کرلی۔جبکہ تھانہ کوتوالی،تھانہ اوچشریف،تھانہ نوشہرہ جدید اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرتے ہوئے 04 ملزمان رشید،سید کاظم بخاری،دلشاد عرف دلی اور رضوان عرف جانا کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 04 کلو 180 گرام چرس برآمد کرلی۔اسی طرح اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ اوچ شریف، تھانہ ہیڈ راجکاں اور تھانہ چنی گوٹھ پولیس نے 03 ملزمان نعمت اللہ ساجد عرف نومی شاہ،ظفر اقبال اور ناصر محمود کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 03 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی اوسید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے،معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ 02 روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد